ابوواہاؤسنگ اسکیم میں لاپروائی کے خلاف کارروائی یقینی

ہر بلاک میں سی ایم اسکول آف ایکسی لینس ہوگا: وزیر اعلیٰ

رانچی(ایس این بی) وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے ابوا ہاؤسنگ اسکیم کے تحت پہلے مرحلے میں منظور شدہ 2 لاکھ مکانات اور اس کی پہلی قسط کے اجراء کے بعد مکانات کی تعمیر کی پیش رفت کے بارے میں جائزہ لیا اور اس میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم سے مستفید ہونے والے غریب اور نادار ہیں۔ ایسے میں گھر کی تعمیر کے لیے انہیں کم سے کم قیمت پر تعمیراتی سامان جیسے ریت فراہم کرنے میں پہل کریں۔ مستحقین کے انتخاب کے عمل میں شفافیت کو برقرار رکھا جائے۔ جن لوگوں کو ابوا گھر الاٹ ہو چکا ہے اور پہلے مرحلے میں ان کا کرمشی بخش سے تو انہیں دوسری قسط کی رقم جاری کی جائے۔ اس سکیم میں بے ضابطگیوں اور غفلت میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

وزیر اعلیٰ چمپئی نے کہا کہ تعلیم سماجی ترقی کی بنیاد ہے۔ ریاست کے تمام طبقات کے بچوں کو بہتر تعلیم فراہم کرنا ریاستی حکومت کی ترجیح ہے۔ چوں میں تعلیم کا جذبہ پیدا کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ آنے والے وقت میں تمام بلاکس میں سی ایم اسکول آف ایکسی لینس ہوں گے۔ تمام سی ایم اسکولز آف ایکسی لینس میں ریگولر اساتذہ کا تقرر کریں۔ ریاست میں چل رہے تمام سی ایم اسکولس آف ایکسی لینس معیاری تعلیم کو یقینی بنائیں۔ سی ایم اسکول آف ایکسی لینس اسکولوں میں 100 فیصد نتائج ہو، اس کے لیے سبھی ضروری کوشش کیا جائے۔ تعلیم میں کسی طرح کی کوتاہی افسران نہ برتیں، سی ایم اسکول آف ایکسی لینس ریاستی حکومت کا ایک اہم پروجیکٹ ہے۔ طلبا کی حاضری 100 فیصد درج ہو، افسران یہ بھی یقینی بنائیں۔

جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ 10 ویں اور 12 ویں جماعت کے امتحانات میں طلباء کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر کام کریں۔ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر ز ایم اسکول آف ایکسی لینس میں دستیاب تمام سہولیات کی مسلسل نگرانی کریں۔ ابھی چل رہے 80 سی ایم اسکول آف ایکسی لینس کو پرائیویٹ اسکولوں کی طرح اپ گریڈ کریں۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہئے کہ میونیپلٹی مقررہ وقت کی حد کے اندر ہو۔ تبدیلی کے مقدمات بغیر کسی وجہ کے زیر التوا نہیں رہنے چاہئیں۔ سرکل آفس میں میونیپلٹی کے کئی معاملے بغیر کسی آبجیکشن کے کافی وقت تک زیر التوا رہتے ہیں۔ میونیپلٹی معاملے کا فوراً نمٹارہونا چاہئے اور نہ ہی ریجیکٹ کیا جاتا ہے۔ اس کی جانچ ہو۔ ہزاری باغ، رانچی، گریڈیہ اور پلامو کے کئی سرکلوں میں میونیپلٹی سے متعلق تمام کا معاملہ پینڈینسی کے شکار ہیں۔ ان میں وجہ دکھا نے اور کارروائی کے لیے تجویز بھیجیں۔ ریاست کے کئی علاقوں میں زمین کی خلاف خرید وفروخت کے معاملے سامنے آ رہے ہیں۔ اسے ہر حال میں روکا جائے۔ اس میں جو بھی قصوروار ہے ان کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ تمام ڈی سی کو اپنے اضلاع کے تحت آنے والے علاقوں کا جائزہ لینا چاہئے۔ وہاں پر میونیپلٹی کے معاملات کا جائزہ لینا چاہیے۔ زمین سے متعلق دستاویزات کی بھی تصدیق کریں۔

سی ایم نے کہا کہ پاکوڑ، گڈھوا، چترا ہرام گڑھ سمیت تمام اضلاع میں جہاں ڈی ایم ایف کی رقم کم تر خرچ کی گئی ہے، ان اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو اپنے کاموں میں ڈی ایم ایف فنڈ کی رقم کا خرچ بڑھانا ہے جو ڈی ایم ایف سے لیا گیا ہے۔ اضلاع میں فنڈز کی فراہمی میں تیزی لائیں۔

گڑھوا میں بدعنوانی کے خلاف بڑی کارروائی

5 ہزار روپے رشوت لیتے اسسٹنٹ انجینئر گرفتار

گڈھوا(ایس این بی) اسے کی بی نے گڑھوا میں بدعنوانی کے خلاف بڑی کارروائی کی ہے۔ بدھ کو ضلع کے چیڈیا بلاک میں تعینات اسسٹنٹ انجینئر انوج کمار کو 5000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا۔ انہیں رانکا میں واقع کچن پور میں واقع ان کے گھر سے گرفتار کیا گیا۔ اسے بی ایس کی ٹیم اسے گرفتار کر کے میڈیکل لے گئی۔ جانکاری کے مطابق گڑھوا ضلع کے چیڈیا بلاک کے ایک شخص نے مترپا اسکیم کے تحت ڈوبھا کی تعمیر کا ٹینڈر لیا تھا۔ یہ ڈوبھا لاکھوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جانا تھا۔ اس کے تحت ایک ضروری کاغذات پر انہیں اس سرکاری انجینئر سے دستخط کرانا تھا۔ لیکن اسسٹنٹ انجینئر اتنا مغرور تھا کہ اس نے بغیر رشوت کے دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ دستخط کے عوض اس سے 5000 روپے رشوت مانگ رہے تھے۔ جب کافی درخواستوں کے بعد بھی بات نہیں بنی تو ڈوبھا کی تعمیر کا کام کرنے والے شخص نے اینٹی کرپشن ایجنسی اسے بی کو اطلاع دی۔ اسے بی نے فوری طور پر اس کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے جانچ شروع کر دی۔ جس میں الزام درست پایا گیا۔ اس کے بعد اسے بی نے اس کی گرفتاری کے لیے جال بچھا کر اسے ان کی رہائش گاہ سے 5000 روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ گرفتاری کے بعد ان کی رہائش کی تلاشی لی گئی، اس کے بعد ان سے پوچھ گچھ ہوئی اور اسسٹنٹ انجینئر انوج کمار کو میڈیکل کے لیے بھیجا گیا۔

نویں کلاس کے طالب علم کی پھانسی لگا کر خودکشی

رانچی(ایس این بی) چوٹیا تھانہ علاقہ کے ایودھیا پوری روڈ نمبر-2 میں گزشتہ روز قریب 6 بجے ایک نویں کلاس کے طالب علم وکاس کمار نے اپنے گھر میں پھندا لگا کر خودکشی کر لی۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر چوٹیا تھانہ پولس اس کے گھر پہنچی، پولس کو گھر والوں سے جانکاری ملی کہ پڑھائی کھمائی کو لیکر باپ نے وکاس کو ڈانٹ لگائی تھی، اسی بات سے ناراض ہو کر وکاس ایک رسی لیکر آیا، جب گھر میں رسی لیکر آیا تو اس سے گھر والوں نے سوال بھی کیا رسی کا کیا کرو گے، اس نے کہا کہ کچھ نہیں۔ اس کے بعد قریب 6 بجے اپنے کمرے میں جا کر پھانسی لگا لگی۔ گھر والوں نے جب اسے لٹکتا ہوا دیکھا تو فوراً پھندے سے اتار کر گرونانک نانی اسپتال لے گئے، جہاں ڈاکٹروں نے مردہ قرار دے دیا۔ وکاس پونیا میں ایل اے گارڈن اسکول میں نویں کلاس میں پڑھائی کرتا تھا۔ وکاس کے والد پارسل گدام میں کام کرتے ہیں۔ پولیس نے موت کا معاملہ درج کر کے چھان بین شروع کر دی ہے۔

سڑک حادثہ میں 2 افراد ہلاک

بھاگلپور(ایس این بی) بدھ کو اہل صبح بھاگلپور کے ہنیرہ میں بھی ایک سڑک حادثہ میں دو نوجوان کی موت ہوگئی۔ حادثہ جمندا پور تھانہ حلقہ کے دیالپور چوک صبح قریب 4 بجے ہوا ہے جہاں نامعلوم نارائنپور کے بلاہا باشندہ بندیشوری سنگھ کے بیٹے 26 سالہ نتیش کمار اور الولی باشندہ ارجن کمار کے 22 سالہ بیٹے کی موت ہوگئی۔

شوہر کے ہاتھوں بیوی کا گولی مار کر بہیمانہ قتل

ایک برس قبل ہوئی تھی شادی، دونوں نے ساتھ مرنے-جینے کی قسم کھائی تھی

کیگڑیا(ایس این بی) کھگڑیا ضلع سے حیران کرنے والی خبر سامنے آئی ہے۔ پرتہ تھانہ حلقہ میں ایک شوہر نے اپنی بیوی کا گولی مار کر قتل کر دیا۔ معاملہ کھڑ ڈیہ پنچایت کے شری رامپور گھنٹی گاؤں کا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ جہاں میاں بیوی کے درمیان کسی بات پر لیکر کہا سنی ہوئی اور معاملہ مار پیٹ تک پہنچ گیا۔ تنازع اس قدر بڑھا کہ شوہر نے اپنی بیوی کا گولی مار کر قتل کر دیا۔ بی جانکاری کے مطابق 22 سالہ گلشن کمار نے اپنی 19 سالہ بیوی چندا کماری کے سینے میں گولی ماردی۔ حالانکہ بعد میں شوہر نے ہی اپنی بیوی کو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ لیکن وہ بیوی کو اسپتال میں داخل کرا کر موقع سے فرار ہوگیا۔ وہیں اسپتال میں تعینات ڈاکٹر اجیودھن نے بتایا کہ عورت کے سینے میں گولی لگی ہے۔ اس وجہ سے زیادہ خون بہا ہے اور اس وجہ سے خاتون کی موت ہوگئی۔ وہیں واقعہ کی جانکاری ملتے ہی موقع پر پولیس پہنچی اور تفتیش میں لگ گئی۔ بتا دیں کہ گلشن کمار، چندہ کماری کیلئے جان دینے کیلئے بھی تیار رہتا تھا۔ دونوں کے درمیان عشق تھا اور قریب ایک برس قبل چندا کماری نے گلشن سے عشق کیا تھا۔ گاؤں والے بتاتے ہیں کہ شادی کے بعد سے گلشن کے تیور چندہ کے تئیں بدل گئے تھے۔ اکثر دونوں کے درمیان تنازع ہوتا رہا تھا۔ گاؤں والوں نے بتایا کہ دونوں کے درمیان نوک جھونک سے لڑکی کے کنبہ والے بھی پریشان ہو چکے تھے۔ لڑکی کے والد نے کئی مرتبہ پنچایت کی بھی مدد لی۔ دونوں کے تنازع کو پنچایت میں بھی سلجھایا گیا تھا۔ گاؤں والوں کے درمیان چرچا ہے کہ لڑکا گلشن کو نشے کی عادت لگ چکی تھی۔ ویس بدھ کو دونوں کے درمیان تنازع اس قدر بڑھا کہ دونوں کے رشتے عشق سے شروع ہو کر اب قتل پر جا کر رکا دیا۔ اس واقعہ کو لیکر شری رام پور کے سنگھی کے گاؤں والے حیرت زدہ ہیں۔ وہیں پولیس نے لاش کو قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے اسپتال بھیج دیا گیا اور قتل کے ملزم کی گرفتاری کیلئے کارروائی کر رہی ہے۔

آٹو-ٹرک ٹکر، 4 افراد کی موت

اہل خانہ سمیت علاقے میں غم

سپول(ایس این بی) شہر کے این ایچ 327 پر مین روڈ کھادی بھنڈار کے پاس منگل کی دیر رات سڑک حادثہ میں 4 افراد کی موت ہوگئی۔ بالو لدا ٹرک نی اور 50 بی 9373 اور سواری سے بھرے آٹو کی اتنی زوردار ٹکر ہوئی۔ اس میں آٹو کے پرخچے اڑ گئے۔ بالو لدے 18 پہیہ ٹرک اور سواری لدے آٹو کی سیدھی ٹکر ہونے سے چار افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ وہیں نصف درجن سے زائد افراد شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ موقع پر پہنچی پولیس نے فوراً دونوں کو سب ڈویژنل اسپتال پہنچایا جس کے بعد انہیں مدھیپورہ میڈیکل کالج ریفر کر دیا گیا۔ حادثہ میں مرنے والے ہلاک حلقہ کے ایک ہی پنچایت میشوا کے باشندہ تھے۔ واقعہ کی جانکاری ملتے ہی جائے وقوع پر لوگوں کا مجمع لگ گیا۔ اس واقعہ میں مہلوک دو خواتین کی شناخت ممتا دیوی اور بجلی دیوی کے طور پر کیا گیا ہے۔ وہیں 56 سالہ کے سیارام شرما اور آٹو ڈرائیور رام گووند پاسوان کی موت ہوئی ہے۔ واقعہ میں ایک عورت کی لاش آٹو میں پھنس گیا تھا۔ وہیں دیگر دو لاش آٹو کے دونوں جانب، جبکہ ایک لاش ٹرک کے پہیہ میں دب گیا تھا۔ واقعہ رات تقریباً 12 بجے کا بتایا گیا ہے۔ موقع پر واقعہ سے متعلق عینی شاہدین نے بتایا کہ اس وقت پیش آیا جب بالو لدا ٹرک چرا سے تروینی گنج بازار کی جانب آ رہا تھا۔ اسی دوران مخالف سمت جدیا سے آرہی سواری لدے آٹو کا تیز سڑک میں ہی آمنے سامنے کی سیدھی ٹکر ہوگئی۔ اس میں آٹو پر سوار لوگوں کی موت جائے وقوع پر ہی ہوگئی۔ واقعہ کی جانکاری ملتے ہی ایس ڈی پی او پرن کمار، سرکل انسپکٹر سیتا نارائن رائے، انچارج تھانہ انسپکٹر راہل کمار جائے وقوع پر پہنچے اور لاش کو قبضہ میں لیکر تھانہ لایا گیا جہاں پنچ نامہ بنا کر مورچری اموپلس سے اسے پوسٹ مارٹم کیلئے صدر اسپتال سپول بھیج دیا گیا۔ خیال رہے کہ گزشتہ ماہ بھی ایک بھیانک سڑک حادثہ پیش آیا تھا جس میں تین افراد کی دردناک موت ہوگئی تھی۔

اونٹ کی اسمگلنگ کرتے ہوئے 4 افراد گرفتار

4 اسمگلروں کے ذریعے راجستھان سے بنگلہ دیش لے جانے کی تھی تیاری

گوپال گنج(ایس این بی) بہار پولیس نے چار اسمگلروں کو دھرتی سے غائب ہو رہے اونٹ کی اسمگلنگ کرتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ یہ اسمگلر راجستھان سے ختم ہونے کے دہانے پر پہنچے اونٹ کو بنگلہ دیش لے جا رہے تھے۔ گوپال گنج ضلع میں اس طرح کی اسمگلنگ کا یہ حالیہ واقعہ ہے۔ یہاں اس سے قبل بھی اس طرح کے گروہ کا پردہ فاش کیا جا چکا ہے۔ اس حالیہ واقعہ کو پرگوپال گنج کے ایس پی سندیپ کمار نے بتایا کہ پولیس نے اس مرتبہ 19 اونٹوں کی اسمگلنگ کرتے ہوئے چار ملزمین کے ساتھ ایک کنٹینر کو بھی ضبط کیا ہے۔ پولیس کی جانچ میں معاملہ کھل ایس پی سندیپ کمار نے بتایا کہ پولیس نے اس مرتبہ 19 اونٹوں کی اسمگلنگ کرتے ہوئے چار ملزمین کے ساتھ ایک کنٹینر کو بھی ضبط کیا ہے۔ پولیس کی جانچ میں معاملہ کھل کر سامنے آیا ہے کہ ان غائب ہو رہے اونٹوں کو بے پور سے بنگلہ دیش لے جایا جا رہا تھا۔ پولیس کشمنر ولوں کو پکڑ لیا گیا ہے۔ گوپال گنج میں پہلے بھی اس طرح کی وارداتیں سامنے ہوتی رہی ہیں اور پولیس ان اسمگلروں کے منصوبہ پر پانی پھیر دی آئی ہے۔ گزشتہ ایک ماہ میں اب تک پولیس 11 اسمگلروں کو گرفتار کر چکی ہے۔ ان کے پاس سے 5 کنٹینر ہی 141 بھینس اور مچھیرے برآمد کئے جا چکے ہیں۔ یہ واقعہ بیتھیہ پور پولیس اسٹیشن کا تھا۔ اس سے قبل 8 جون کو گوپال گنج ضلع میں پانچ اسمگلروں کو 31 جانوروں کی اسمگلنگ کرتے ہوئے پکڑلیا گیا تھا۔ پولیس کے ذریعے آگے بھی جانچ کا عمل جاری ہے۔

بوکارو میں نامعلوم جرائم پیشہ افراد نے صرافہ دکان میں گولی چلائی

علاقے میں افراتفری کا ماحول، مشتعل دکانداروں کا سڑک جام

بوکارو(ایس این بی) بوکارو میں نامعلوم جرائم پیشوں نے جیلری کی دکان پر فائرنگ کر دی۔ یہ واقعہ بدھ کی صبح برمو کے تھانہ چھمرو میں پیش آیا۔ جانکاری کے مطابق گولی کیان جیلرس کے شیشے میں لگی۔ واردات کو انجام دینے کے بعد جرائم پیشے بائیک موڑ کی طرف بھاگ گئے۔ اس کے بعد علاقے میں افراتفری کا ماحول ہے۔ ادھر مشتعل دکانداروں نے سڑک جام کر دیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ گنجیز گیا بیشور پرساد سونی اپنے دکان پر بیٹھے تھے۔ اس دوران اچانک دو بائک سوار ان کی دکان کے پاس پہنچے اور فائرنگ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ تعیمت رہی کہ گولی دکان کے شیشے میں لگی، جس کی وجہ سے وہ بال بال بچ گئے۔ ادھر واقعہ کے بعد پولیس واردات کی جگہ پر پہنچی اور معاملے کی جانکاری لی، پولیس نے کھوکھا گولی کا برآمد کرلیا ہے۔ دن دہاڑے ہونے والی اس فائرنگ کے بعد تاجر یونین چھمرو اور سیاسی جماعتوں نے جرائم پیشوں کی گرفتاری کے لیے کے جھونٹھوشنگھ بند پٹرول پمپ کے نزدیک واقع ارمند داس کے موٹی الٹکا جیلرس نامی دکان پر چھ نقاب پوش جرائم پیشوں نے گولی چلائی تھی، اس واقعہ کی ذمہ داری دھنباد کے خونخوار جرائم پیشے پنکس خان کے دوستوں نے لی تھی، اس معاملے میں بیرمو پولیس کے ہاتھ اب خالی ہیں۔ پھر سوءعلاقے میں مسلسل بڑھ رہی بھرمانہ واردات سے یہاں کے تاجروں میں خوف کا ماحول ہے۔

عالمگیر عالم کے استعفیٰ کے بعد عرفان انصاری کے وزیر بننے کے امکانات، اقلیتی کوٹہ کے حوالے سے دوڑ میں سب سے آگے

رانچی(ایس این بی) عالمگیر عالم کے استعفیٰ کے بعد عرفان انصاری کے وزیر بننے کے کتنے امکانات ہیں۔ جھارکھنڈ حکومت میں کانگریس کے کوٹے سے وزیر عالمگیر عالم کے استعفیٰ کے بعد وزیر کے عہدے کے لیے کہا جا رہا ہے کہ ایک ہفتے میں وزارت کا عہدہ کس کو دیا جائے گا۔ اس پر فیصلہ ہو جائے گا۔ فی الحال جانتا را کے ایم ایل اے عرفان انصاری وزارت کے عہدے کی دوڑ میں آگے ہیں۔ ان کا نام آگے آنے کی وجہ اقلیتی کوٹہ ہے۔ دراصل عالمگیر عالم اقلیت کے کوٹے سے وزیر تھے۔ ایسے میں مانا جا رہا ہے کہ کانگریس اپنا کوٹا وزیر اسی کوٹے سے دے گی۔ یہی وجہ ہے کہ عرفان انصاری کا نام اس دوڑ میں سرفہرست ہے۔ جانتا را کے ایم ایل اے عرفان انصاری کے علاوہ ہمام امام ایل اے دیوگھر کا پانڈے سنگھ اور بیرمو امام ایل اے انوپ سنگھ کے نام بھی وزیر کی فہرست میں زیر بحث ہیں۔ تاہم عرفان اقلیتی کوٹہ کے حوالے سے دوڑ میں اب بھی آگے ہیں۔ چھوٹن پیپلو وہ دہلی میں ہی تھے۔ اس دوران انہوں نے سی سی و بینوگوپال اور سکار جن کھرگے سے بھی ملاقات کی۔ اسی دوران حال ہی میں ایم ایل اے نے عالمگیر عالم کی اہلیہ سے ملاقات کی ہے۔ لوک سبھا انتخابات میں نلین سورین کو جاتنا را اسمبلی حلقہ میں 50 ہزار ووٹ پے کی برتری حاصل ہوئی تھی۔ اس برتری سے پارٹی میں عرفان انصاری کافی بڑھ گیا ہے۔ ساتھ ہی دمکا اور جامتارا میں بھی پارٹی پیچھے رہی۔

نابالغ کو اغوا کرنے والے ملزم کے خلاف مقدمہ درج

دھنباد(ایس این بی) لوہیا آباد کراسہ غائب نابالغ لڑکی کے معاملے میں لوہیا آباد میں گزشتہ روز مہلوک کو ورثا کرتے ہوئے ملزم مہیندر سنگھ کے خلاف پولیس نے واقعہ کی رپورٹ درج کر لی ہے۔ ملزم پیہا گھاٹ تھانہ حلقہ کا رہنے والا بتایا جا رہا ہے۔ منگل کو پولیس ٹیم ملزم کو گرفتار کرنے نیہا گھاٹ گئی تھی، پولیس کو ملزم کے گھر پر تالا لگا ہوا ملا، پولیس خفیہ باتھو اوت ڈی۔ بتایا جاتا ہے کہ ایکلا آر دش گھر کی رہنے والی ایک عورت نے پولیس کو تحریری شکایت دے کر کہا کہ ملزم پڑوس میں شادی تقریب میں آیا تھا، اسی دوران میری نابالغ بیٹی کو شادی کی نیت سے بہلا پھسلا کر لے گیا، یہ واقعہ گزشتہ 7 جون کا بتایا گیا ہے۔ بیٹی اسکول جانے کے بہانے سے گھر سے نکل گئی تھی اور پھر لوٹ کر نہیں آئی۔ جب سے کنبہ کے لوگوں نے دیگر جگہوں پر تلاش کیا، لیکن اس کا پتہ نہیں چلا، بتایا جاتا ہے کہ ملزم پہلے سے شادی شدہ ہے۔ پولیس نے مقدمہ نمبر 19/2024 تعزیرات ہند کی دفعہ 363,364A کے تحت کارروائی کی ہے۔

رشتہ دار کے گھر میت میں جا رہے ایک شخص کی سڑک حادثہ میں موت، دیگر افراد زخمی

دھنباد(ایس این بی) دھنباد ٹنڈی گوندر پور مین روڈ پر ہاتو دھد حگی تانو کے قریب نامعلوم سڑک کی ذریعہ بچلا دیے جانے کے وجہ سے نیپوٹ پلٹ گئی۔ جس سے اس میں سوار ایک کی موت اور دیگر لوگ زخمی ہو گئے۔ اس میں سوار ایک طیبل انصاری کی موت علاج کے دوران اسپتال میں ہوگئی۔ سبھی لوگ اپنی رشتہ دار کے یہاں میت میں جا رہے تھے۔ علاج کے لیے دھنباد دایس امر ای اسپتال لے گئے جہاں طیبل انصاری نے دم توڑ دیا۔ واقعہ کی جانکاری پولیس کو نہیں مل پائی، ٹیمپو ڈرائیور نے سبھی کو دھنباد میں لے جا کر اسپتال میں بھرتی کرایا۔ جانکاری ملنے پر پہنچے ایم کے مرکزی صدر بابا ٹھاکر نے ٹنڈی پی ڈی او کمی اوم سے بات کر کے متاثر کنبہ کو مناسب معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا۔

شہر کی صفائی کیلئے انتظامیہ متحرک

بھاگلپور(ایس این بی) ضلع جمشیدپور سے سٹی کشمرکو تین دنوں کے اندر پانی صفائی کرانے کی ہدایت ملنے کے بعد مزدوروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کی ہدایت ملنے کے بعد مزدوروں کی تعداد میں اضافہ کرنے کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔ اس میں شائن اسٹینڈرڈ انجینئرنگ کو کیم جولائی سے 20 مزدور اور ہی پی ایس کمپنی کو 30 مزدور میں جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ان دونوں اجنبیوں کے پاس پہلے سے 410-410 لیبر کل 820 مزدور مامور ہیں۔

آٹو-ٹرک کی ٹکر میں 2 خواتین مسافر کی موت، 7 زخمی

جائے وقوع پر افراتفری کا ماحول، مہلوک کے اہل خانہ سمیت پورے علاقہ میں غم کا ماحول

مونگیر(ایس این بی) مونگیر کے شری کرشن پل پر بھیانک سڑک حادثہ رونما ہوا ہے۔ اس میں ایک لڑکی اور ایک عورت کی موت ہوگئی جبکہ 8 افراد شدید طور پر زخمی ہو گئے۔ واقعہ بدھ کی بہ جہاں پل پر سڑک کے کنارے کھڑے ایک ٹرک تیز رفتار سے آ رہے آٹو نے ٹکر ماردی۔ ٹکر اتنی زوردار تھی کہ آٹو پر سوار ایک لڑکی کی موت موقع پر ہی ہوگئی۔ پل پر کہرام کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ آناً فاناً میں سبھی زخمیوں کو اسپتال پہنچایا گیا جبکہ اطلاع پر پہنچی پولیس کے ذریعے معاملے کی جانچ شروع کی گئی۔ موٹیگر میں گرینا پل پر بدھ کو آٹو میں ٹرک نے ٹکر ماردی۔ بی جانکاری کے مطابق پل پر سڑک کے کنارے ایک ٹرک کھڑا تھا۔ اس دوران ایک آٹو جس پر کئی لوگ سوار تھے کو لیکر تیز رفتار سے آ رہا تھا۔ آٹو ڈرائیور نے پل پر اپنا قابو کھو دیا اور کھڑے ٹرک میں زوردار ٹکر ماری۔ ٹکر اتنی زوردار تھی کہ آٹو پر سوار ایک لڑکی کی موت موقع پر ہی ہوگئی۔ پل پر کہرام کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ آناً فاناً میں سبھی زخمیوں کو اسپتال پہنچایا گیا جبکہ اطلاع پر پہنچی پولیس کے ذریعے معاملے کی جانچ شروع کی گئی۔ موٹیگر میں گرینا پل پر بدھ کو آٹو میں ٹرک نے ٹکر ماردی۔ بی جانکاری کے مطابق پل پر سڑک کے کنارے ایک ٹرک کھڑا تھا۔ اس دوران ایک آٹو جس پر کئی لوگ سوار تھے کو لیکر تیز رفتار سے آ رہا تھا۔ آٹو ڈرائیور نے پل پر اپنا قابو کھو دیا اور کھڑے ٹرک میں زوردار ٹکر ماری۔ ٹکر اتنی زوردار تھی کہ آٹو پر سوار ایک لڑکی کی موت موقع پر ہی ہوگئی۔ پل پر کہرام کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ آناً فاناً میں سبھی زخمیوں کو اسپتال پہنچایا گیا جبکہ اطلاع پر پہنچی پولیس کے ذریعے معاملے کی جانچ شروع کی گئی۔ واقعہ میں کیا کہ گزشتہ رات گاؤں میں ہو رہے کیرتن سننے پر پیارے کے ساتھ گیا ہوا تھا۔ واپس آیا تو پایا کہ گھر کا تالا ٹوٹا ہوا ہے۔ اندر کی ٹوٹ پایا گیا۔ الماری میں رکھا سونے کا چوڑی، گلے کا ہار، کان کی بالی مانگ ٹیکہ، چاندی کے پائل سمیت تین ہزار روپے غائب ہیں۔ جس کی قیمت تقریباً ڈھائی سے تین لاکھ روپے ہے۔ پولیس معاملے کی چھان بین کر رہی ہے۔

گھر کا تالا توڑ کر 3 لاکھ روپے کے زیورات اور نقدی چوری

دھنباد(ایس این بی) گزشتہ شب قریب 9 بجے نامعلوم چوروں نے نرسا تھانہ حلقہ کے ڈنگا پاڑا باشندہ شنکر باوری کے گھر کا تالا توڑ کر زیورات سمیت نقدی پر ہاتھ صاف کر دیا۔ واردات کے بعد شنکر باوری کے ساتھ گاؤں میں ہور ہے کیرتن سننے گیا تھا جس کا فائدہ اٹھا کر چوروں نے واردات کو انجام دیا۔ اطلاع کے مطابق متاثر شنکر باوری نے واردات کی تحریری شکایت نرسا تھانہ میں کی ہے۔ اپنے تحریری شکایت میں کہا کہ گزشتہ رات گاؤں میں ہو رہے کیرتن سننے پر پیارے کے ساتھ گیا ہوا تھا۔ واپس آیا تو پایا کہ گھر کا تالا ٹوٹا ہوا ہے۔ اندر کی ٹوٹ پایا گیا۔ الماری میں رکھا سونے کا چوڑی، گلے کا ہار، کان کی بالی مانگ ٹیکہ، چاندی کے پائل سمیت تین ہزار روپے غائب ہیں۔ جس کی قیمت تقریباً ڈھائی سے تین لاکھ روپے ہے۔ پولیس معاملے کی چھان بین کر رہی ہے۔

جنگل میں نابالغہ کے ساتھ اجتماعی آبروریزی

1 گرفتار، موبائل میں گینگ ریپ کی تصویر قید

دھنباد(ایس این بی) ایک نابالغ لڑکی کو محبت کی جال میں پھنسا کر مظرم عاشق نے حیوانیت کی ساری حدیں پار کر دی۔ اس نے پہلے اپنے ایک دوست کے ساتھ مل کر مشوتہ سے گینگ ریپ کیا اور پھر چار دوستوں کو بلا کر نابالغ لڑکی کو ان لوگوں کے حوالے کر دیا۔ سبھی حیوانوں نے باری باری سے لڑکی کا ریپ کیا۔ اس دوران انہوں نے اس کا ویڈیو بھی بنایا۔ یہ واردات جھارکھنڈ کے دھنباد کے ہے۔ متاثرہ لڑکی کی عمر 14 سال ہے۔ وہ یتیم ہے۔ اطلاع کے مطابق ملزم نے نابالغ مشوتہ کو دو ہاٹا نٹر بلیا وہاں اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر اس کے ساتھ گینگ ریپ کیا۔ 14 سالہ لڑکی نے پولیسکو بتایا کہ آبروریزی کے دوران موبائل سے ویڈیو بھی بنایا جا رہا تھا۔ تھرجا علاقے کی رہنے والی لڑکی نے بتایا کہ دو ہاٹا نٹر کے نابالغ لڑکے نے اس کا معاشقہ چل رہا تھا۔ اسی نے ملنے کے لیے لڑکی کو بلایا۔ ایک گھر میں عاشق نے ایک دوست کے ساتھ پہلے لڑکی کے ساتھ آبروریزی کی۔ اس کے بعد اس نے اپنے دیگر پانچ دوستوں کو بلالیا۔ ملزم لڑکا رات کے اندھیرے میں لڑکی کو پاس کی جھاڑی میں لے گیا۔ وہاں باری باری سے لڑکے نے لڑکی کے ساتھ آبروریزی کی۔ ایک لڑکا اس حیوانیت کا ویڈیو اپنے موبائل میں قید کر رہا تھا۔ اسی درمیان متاثرہ لڑکی کو اس کی خرابی کی تو لوگ وہاں پہنچ گئے۔ لوگوں کو دیکھ کر لڑکے وہاں سے فرار ہو گئے۔ بھاگنے کے دوران ایک ملزم کا موبائل وہیں گر گیا۔ موبائل میں گینگ ریپ کا ویڈیو بھی ملا ہے۔ پولیس نے نابالغ عاشق کے علاوہ اس کے دوست چندن کمار ساؤ کی پہچان کر لی ہے۔ سبھی ملزمین کے خلاف لڑکی کے بیان پر گینگ ریپ اور پاسکوئی دفعہ میں ایف آئی آر درج کر کے پولیس جانچ کر رہی ہے۔ ضبط موبائل چندن کا ہی بتایا جا رہا ہے۔ ملزمین کی گرفتاری کے لیے مسلسل چھاپا ماری کی جا رہی ہے۔ دھنباد پولیس نے متاثرہ کا میڈیکل کرایا۔ لڑکی یتیم ہے۔ اسے چائلڈ کیئر کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ اسی لڑکی کی کونسلنگ کر رہی ہے۔ دھنباد تھانہ انچارج منوج پانڈے نے تانیا لڑکی کے ساتھ گینگ ریپ کی بات سامنے آئی ہے۔ ملزمین کی شناخت کر لی گئی ہے۔ انہیں جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔

شدت کی گرمی اور لو کے دوران بہار میں اموات کا سلسلہ جاری

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے بیشتر اضلاع میں درجہ حرارت 46 ڈگری سے متجاوز، آئندہ 2 دنوں تک ہیٹ ویو کا امکان



پٹنہ(ایس این بی) بہار کا موسم دوبارہ سے جان لیوا بن چکا ہے۔ شدت کی لوت سے لوگوں کی زندگی متاثر ہو رہا ہے۔ بہسر ریاست کا سب سے گرم ضلع بنا ہوا ہے جھاں کا درجہ حرارت 46 ڈگری کے پار پہنچ گیا ہے۔ وہیں دیگر اضلاع میں بھی شدت کی گرمی کا سلسلہ جاری ہے۔ لوگ سڑکوں پر نکلنے سے پہیز کر رہے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے اگلے 48 گھنٹے تک لو سے راحت نہیں ملنے کی بات کہی ہے۔ پٹنہ سمیت دیگر اضلاع میں الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ وہیں لوسے کئی اضلاع میں لوگوں کی موت ہوئی ہے۔ تدریسی وغیرہ تدریسی ملازمین سمیت کئی لوگوں کی موت شدت کی گرمی کی وجہ سے ہوئی۔ جبکہ سینکڑوں لوگ بیمار ہو کر اسپتال پہنچے ہیں۔ بہار میں شدت کی گرمی کے درمیان کے سے کئی لوگوں کی موت ہو چکی ہے۔ منگل کو پٹنہ کے بہاسے نیورا تھانہ حلقہ کے نیورا بابھنچہ کے پاس نامعلوم اوبیزی لاش ملنے سے علاقہ میں سنسنی پھیل گئی۔ تھانہ انچارج مجیش کمار پانڈے نے بتایا کہ مقامی چوکید